الطارق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	آسمان کی اور رات کے وقت آنے والے کی قسم۔
۲	اور تمکو کیا معلوم کے رات کے وقت آنے والا کیا ہے۔
۳	وہ تارا ہے چمکنے والا۔
۴	کہ کوئی شخص ایسا نہیں جس پر کوئی نگہبان نہ ہو۔
۵	تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے۔
۶	وہ اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے۔
۷	جو پیٹھ اور سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے۔
۸	بیشک وہ یعنی خالق اسکو دوبارہ پیدا کرنے پر قادر ہے۔
۹	جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے۔
۱۰	تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہو گا۔
۱۱	آسمان کی قسم جو مینہ برساتا ہے۔
۱۲	اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے۔
۱۳	کہ یہ فیصلہ کن کلام ہے۔
۱۴	اور یہ کوئی مذاق نہیں۔

۱۵	یہ لوگ اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں۔
۱۶	اور میں اپنی تدبیر کر رہا ہوں۔
۱۷	تو اے نبی ﷺ تم کافروں کو مہلت دو بس چند دن کی مہلت اور دیدو۔